پریس ریلیز

ریزروبینک آف انڈیا

ویب سائٹ:www.rbi.org.in/urdu
ویب سائٹ:www.rbi.org.in
ای۔میل:helpdoc@rbi.org.in

شعبۂ مواصلات،، سینٹرل آفس، شہید بھگت سنگھ مارگ ممبئی- 400001
فون:0502 2266 22 91 فیکس:22660358 22 91

دسمبر 04، 2020

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 (اے اے سی ایس) کے سیکشن 35A کے تحت شیواجی راؤ بھونسلے سہکاری بینک لمیٹیڈ، پونے، مہاراشٹر پر پابندیاں، مدت میں توسیع

شیواجی راؤ بھونسلے سہکاری بینک لمیٹیڈ، پونے، مہاراشٹر کو 04 مئی 2014 کو ڈائریکٹر ڈی سی بی ایس، سی او۔ بی ایس ڈی-آئی/ڈی- 19-14/12.22.254/2018-19 مورخہ مئی 03، 2019ء کے ذریعہ چھ ماہ کی مدت کیلئے ہدایات کے تحت رکھا گیا تھا۔ مذکورہ بالا ڈائریکٹو کی مجازیت میں ہمارے ڈائریکٹو ڈی او آر، سی او، اے آئی ڈی۔ /نمبر ڈی-24 / 12.22.254/2020-21/ مورخہ ستمبر 30، 2020 کے ذریعہ آخری توسیع 4 دسمبر، 2020 تک کیلئے کی گئی تھی۔

2. عوام کی جانکاری کیلئے یہ مطلع کیا جاتا ہے کہ ریزروبینک آف انڈیا نے بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے سیکشن 35A کی ضمنی سیکشن (I) جس کو سیکشن 56 کے ساتھ ملاکر پڑھا جائے (جیسا کہ کوآپریٹو سوسائٹیز پر نافذ ہے) کے تحت حاصل اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے یہ ہدایت دی ہے کہ ڈائریکٹو ڈی سی بی ایس، سی او، بی ایس ڈی-I /ڈی-19-14/12.22.254/2018-19 مورخہ مئی 3، 2019 کے ذریعہ شیواجی راؤ بھونسلے سہکاری بینک لمیٹیڈ پونے، مہاراشٹر کو جاری کیا گیا جس میں وقتاً فوقتاً ترمیم کی گئی۔ اس میں آخری توسیع 04 دسمبر، 2020 کو کی گئی، پر مندرجہ بالا پابندیاں جاری رہیں گی اور اس میں مزید تین ماہ کی توسیع 05 دسمبر، 2020 سے 04 مارچ 2020 تک ڈائریکٹو ڈی او آر سی او-اے آئی ڈی۔ نمبر ڈی- 37 / 12.22.254/2020-21 مورخہ 02 دسمبر، 2020 کے ذریعہ نظر ثانی کی شرط کے ساتھ کی گئی ہے۔

3۔ ڈائریکٹو کی دیگر شرائط وضوابط ناقابل ترمیم ہیں۔ ڈائریکٹو کی ایک کاپی مورخہ 02 دسمبر، 2020 کو بینک کے احاطہ میں مفاد عامہ میں ڈسپلے کی گئی۔

4۔ مذکورہ توسیع اور/ یا ترمیم جو کہ ریزروبینک آف انڈیا کے ذریعہ کی گئی اس کا مطلب ہرگز یہ نہیں ہے کہ ریزروبینک آف انڈیا بینک کی مالی حالت میں بہتری کے تعلق سے مطمئن ہے۔

پریس ریلیز:2020-2021/728

(یوگیش دیال)
چیف جنرل منیجر